آدمی کا مذہب اس کی عقل ہے اور جس میں عقل نہیں، اُس کا مذہب بھی نہیں —— خدا نے جس کو عقل دی ہے، وُہی کامیاب ہوگا —— خدا اس مسلمان سے جس میں عقل نہیں ہے دشمنی رکھتا ہے —— میں خدا کی نسبت اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ جب کوئی عقلمند آدمی لغزش کرتا ہے تو وہ اس کو تھام کر اُٹھا لیتا ہے۔ اگر وہ پھر پھسل کر گرنے لگے تو اس کو پھر تھام لیتا ہے۔ یہاں تک کہ آخر کار اُس کو بہشت میں داخل کرتا ہے —— اس میں شک نہیں کہ لوگ اپنی اپنی عقل کے موافق درجے حاصل کریں گے

مولوی وحید الدین سلیم صاحب کی یہ مفید کتاب بالکل ناپید تھی۔ ناشرین نے بڑا اچھا کیا کہ اسے دوبارہ چھاپ دیا۔ اس کتاب کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہونی چاہیئے۔ آج جب کہ اسلام کو محض سیاست بنا لیا گیا ہے۔ اسلام کی اخلاقی تعلیمات کی نشر و اشاعت سب سے ضروری ہے۔

ناشر مکتبہ معاویہ — لیاقت آباد، کراچی ۱۹

ضخامت ۱۳۶ صفحے — قیمت ۲ روپے۔

مسلمانوں کے سیاسی افکار

پروفیسر رشید احمد

مسلمان مفکروں نے سیاسی نظریہ سازی کی تاریخ میں بہت اہم ابواب کا اضافہ کیا ہے۔ اس کتاب میں مختلف زمانوں اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے مسلمان مفکروں اور مدبروں کے سیاسی نظریات پیش کیے گئے ہیں۔ یہ کتاب بارہ ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں قرآنی نظریۂ مملکت کی بخوبی وضاحت کی گئی ہے جو ان سب مسلمان مفکروں کے نظریوں کی اساس ہے۔

صفحات ۸ + ۴۲۲ — قیمت : ۶ روپے ۵۰ پیسے

ملنے کا پتہ

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ کلب روڈ لاہور